نفل نماز کی پہلی رکعت بیٹھ کر اور دوسری کھڑے ہو کر پڑھنا کیسا؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-13309

تاریخ اجراء: 09 رمضان المبارک 1445ھ / 20 مارچ 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید نے نفل کی ایک رکعت بیٹھ کر پڑھی اور دوسری رکعت میں بھولے سے کھڑا ہو گیا، تو اس صورت میں نماز کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں زید کی وہ نفل نماز درست ادا ہوئی ہے، اسے دہرانے کی حاجت نہیں۔ چونکہ نفل نماز بیٹھ کر ادا کرنا بھی جائز ہے، لہذا یہاں کوئی فرض یا واجب ترک نہیں ہوا۔ البتہ اتنا ضرور ہے کہ بغیر کسی عذر کے نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے کی صورت میں ثواب میں کمی ہو گی۔

نفل نماز کی ایک رکعت بیٹھ کر اور دوسری کھڑے ہو کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسا کہ تنویر الابصار مع الدر المختار میں ہے: ”(ویتنفل مع قدرتہ علی القیام قاعداً)۔۔۔(ابتداء و)۔۔۔(بناء) بعد الشروع بلا کراھۃ في الاصح کعکسہ۔“ یعنی قیام پر قدرت ہونے کے باوجود نفل نماز بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے، خواہ نمازی ابتداء ہی بیٹھ کر نفل نماز پڑھے یا پھر کھڑے ہو کر نماز شروع کرنے کے بعد بیٹھ جائے، اصح قول کے مطابق بغیر کسی کراہت کے ایسا کرنا، جائز ہے، جیسا کہ اس کا عکس جائز ہے۔

(کعکسہ) کے تحت رد المحتار میں ہے: **”وھو مالو شرع قاعدا ثم قام فإنہ یجوز اتفاقاً۔“** یعنی بیان کردہ مسئلہ بر عکس صورت یہ ہے کہ **نمازی بیٹھ کر نفل نماز شروع کرے پھر کھڑا ہو جائے، تو یہ صورت بالاتفاق جائز ہے۔**

(ردالمحتار مع الدر المختار، کتاب الصلاۃ، ج02، ص585-584، مطبوعہ کوئٹہ، ملتقطاً)

بہار شریعت میں ہے: ”(نفل نماز) **کھڑے ہو کر شروع کی تھی پھر بیٹھ گیا یا بیٹھ کر شروع کی تھی پھر کھڑا ہو گیا، دونوں صورتیں جائز ہیں، خواہ ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھی ایک بیٹھ کر** یا ایک ہی رکعت کے ایک حصہ کو کھڑے

ہو کر پڑھا اور کچھ حصہ بیٹھ کر۔ مگر دوسری صورت یعنی کھڑے ہو کر شروع کی پھر بیٹھ گیا اس میں اِختلاف ہے، لہٰذا بچنا اَولیٰ۔"(بہار شریعت، ج01، ص671، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net